میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ سوڈان

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

بدھ، 28 جمادی الثانی 1437ھ | 06/04/2016 | نمبر: HTS 18/2016

پریس ریلیز

خرطوم میں پاکستانی سفیر نے حزب التحریر ولایہ سوڈان کے وفد سے وعدہ کیا کہ وہ ان کی جماعت کی جانب سے قیدیوں اور مغویوں کی رہائی کے لیے لکھے گئے خط کو حکومت تک پہنچائیں گے

بدھ6 اپریل 2016 کو حزب التحریر ولایہ سوڈان کے ایک وفد ، جس کی قیادت سوڈان میں ولایہ کمیٹی کے رکن استاد سلیمان الدسیس، ولایہ کمیٹی کے رکن استاد عبد اللہ عبد الرحمن اور حزب کے رکن استاد بشیر احمد شامل تھے، نے خرطوم میں پاکستانی سفیر کو ایک بیان حوالے کیا جس کا عنوان ہے :" حزب التحریر پرظلم کا خاتمہ کرو، خلافت کے عظیم داعیوں کی مدد میں حق کی آواز کو بلند کرو"۔ یہ بیان حزب التحریر ولایہ پاکستان کے میڈیا آفس نے جاری کیا تھا۔

وفد نے بیان کے بارے میں سفیر کو مطلع کرنے کے بعد ان سے مطالبہ کیا کہ اس کو حکومت پاکستان تک پہنچا دیں۔ سفیر کو حزب التحریر اور اس کے نصب العین کے بارے میں بتا یا گیا جو کہ اسلامی زندگی کا از سر نو آغاز ہے اوریہ نبوت کے طریقے پر خلافت راشدہ کے قیام کے ذریعےسے ہو گا۔ حزب کے وفد نے سفیر سے مطالبہ کیا کہ وہ اس پیغام کو اسلام کے لئے حکومت تک پہنچائیں کہ قیدیوں اور مغویوں کو فوراً رہا کیا جائے اور ان کی مدد کی جائے۔

پاکستانی سفیر نے اس پیغام اور بیان کو اپنی حکومت تک پہنچانے کا وعدہ کیا۔

ابراہیم عثمان (ابوخلیل)

ولایہ سوڈان میں حزب التحریرکے ترجمان

ٹیلی فون: 0912240143-0912377707
ای میل: spokeman sd@dbzmail.com
ویب سائٹ: http://hizb-sudan.org
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info